دن : ________ تاریخ : ____________

# تفہیم: " علی کا گھر "



یہ علی کا گھر ہے ۔وہ اپنے ابّو، امّی کے ساتھ یہاں رہتا ہے ۔ اِس گھر میں اُس کے دادا، دادی اور بہن، بھائی بھی رہتے ہیں۔ وہ سب آپس میں مِل جُل کر پیار محبت سے رہتے ہیں، ایک دوسرے کی عزّت کرتے ہیں اور ایک دوسرے کی ضرورتوں کا خیال رکھتے ہیں۔ علی کا گھر صاف ستھرا ہے۔وہ سب مل کر گھر کو صاف رکھتے ہیں۔گھر کو صاف رکھنا اچھّی بات ہے۔ علی کا گھر سب کو بہت اچّھا لگتا ہے ۔

☆ درست جواب کا انتخاب کریں۔

علی کا گھر کیسا ہے ؟

ا۔ صاف ستھرا ۲۔ گندا

وہ سب کیسے رہتے ہیں؟

ا۔ مل جل کر ۲۔ لڑ جھگڑ کر

سوال نمبر۲: جملے بنائیں۔(درست جملے کا انتخاب کریں۔)

گھر ہے میرا صاف۔

صاف: میرا گھر صاف ہے۔

بات: بات کرنی اچھی چاہیے۔

اچھی بات کرنی چاہیے۔

عزّت: میں بڑوں کی عزّت کرتا ہوں۔

عزّت کرتا ہوں میں بڑوں کی۔

سوال نمبر۳: خالی جگہ پر کریں۔

ابّو، امّی  اچّھا  علی  اچّھی

۱۔ گھر کو صاف رکھنا ______ بات ہے۔

۲۔ علی کا گھر سب کو بہت ______ لگتا ہے ۔

۳۔ یہ ______ کا گھر ہے ۔

۴۔ علی اپنے ______ کے ساتھ یہاں رہتا ہے ۔